تبصرے

فتوح الغیب اردو تقطیع متوسط۔ ضخامت ۲۲۸ صفحات۔ کتابت وطباعت بہتر قیمت ۱۲عہ، پتہ:۔ مکتبہ نشاۃ ثانیہ معظم جاہی مارکٹ حیدرآباد دکن (آندھرا پردیش)

فتوح الغیب کے نام سے حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ کے اقوال وملفوظات کا ایک مجموعہ عام طور پر مشہور ہے۔ سب سے پہلے حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلویؒ اس کا ایک نسخہ حجاز سے لائے اور فارسی میں اس کا ترجمہ کیا اس کے بعد سے اب تک اس کتاب کے متعدد ترجمے شائع ہو چکے ہیں مگر چوں کہ مروجہ تراجم کی زبان سہل نہیں تھی اس لئے اب اس کا ایک اور نیا ترجمہ شائع کیا گیا ہے۔ یہ کتاب جس کو مقالات کہا جاتا ہے درحقیقت مقالات بمعنی اقوال وملفوظات ہے چنانچہ اس میں بلا کسی ربط وتسلسل کے حکمت وموعظت کی مختلف باتیں یک جا کر دی گئی ہیں چوں کہ اس میں اتباعِ شریعت اور اتباعِ سنت پر جگہ جگہ بہت زور دیا گیا ہے اس لئے جو لوگ تصوف میں غلو کے باعث شریعت کے معاملات میں تساہل برتتے ہیں یا اس کو چنداں اہمیت نہیں دیتے ان کو اس سے بہت فائدہ پہنچے گا علاوہ ازیں کتاب میں جگہ جگہ دنیا کی بے ثباتی، یوم آخرت کی اہمیت، ذات باری تعالےٰ کے ساتھ محبت کا ولولہ اور لقائے رب کا شوق اعلیٰ وبلند اخلاق وغیرہ یہ تمام مضامین پائے جاتے ہیں۔ پھر زبان وبیان نہایت موثر اور ولولہ انگیز ہے شروع میں مولانا عبدالماجد دریابادی کے قلم سے حضرت شیخؒ کے سوانح وحالات ہیں۔ جو مولانا کی ایک تصنیف سے ماخوذ ہیں۔ امید ہے کہ مسلمان اس کے مطالعہ سے فائدہ اُٹھائیں گے۔